لاہور، اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان، کراچی، راولپنڈی، مظفر آباد، پڑھا جانے والا، اخبار

روزنامہ

# نئی قیادت

چیف ایڈیٹر: سید علی محمد شاہ بخاری

ایڈیٹر: رحیم طلب

بہاولپور

لودھراں

ایگزیکٹیو ایڈیٹر
ڈاکٹر عبدالستار آزاد

ایڈیٹر وانچارج نمائندگان
ملک محمد ظفر حسین

ریزیڈنٹ ایڈیٹر
ایس این بخاری

جلد 1 | منگل 16 رجب المرجب 1447ھ 06 جنوری 2026ء (صفحات 4 قیمت 20 روپے) | شمارہ 160



## وفاقی محتسب باسط عزیز خان نے واپڈا کمپلیکس چشتیاں میں او سی آر پروگرام کے تحت شکایات کی سماعت کی

### میپکو کے 90 سے زائد کیسز زیرِ غور آئے صارفین کو 12 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا گیا

بہاولپور ( محمد آصف صدیق ڈسٹرک بیورو چیف سے ) آج وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کے ریجنل ہیڈ جناب باسط عزیز خان نے واپڈا کمپلیکس چشتیاں میں او سی آر پروگرام (OCR Program) کے تحت شہریوں کی جانب سے وفاقی اداروں کے خلاف دائر شکایات کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران میپکو کے 90 سے زائد کیسز زیرِ غور آئے، جن میں زائد بلنگ، میٹرز کی خرابی اور دیگر انتظامی امور شامل تھے۔ سماعت کے نتیجے میں متاثرہ صارفین کو 12 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا گیا۔ اس موقع پر 3 بجلی کے میٹرز کی تبدیلی اور 2 خستہ بجلی کے پولز کی تبدیلی کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر ناقابلِ قبول ہے اور صارفین کو قانون کے مطابق فوری اور مؤثر انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی مسائل کے حل کیلئے فیلڈ میں جا کر عملی اقدامات کر رہا ہے تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف میسر آ سکے۔ سماعت کے اختتام پر سائلین نے وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی اور ریجنل ہیڈ جناب باسط عزیز خان کا عوام دوست اقدامات اور بروقت ریلیف فراہم کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

Member JPNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED قلب پاکستان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار

The Daily QAYADT Bahawalpur

روزنامہ قیادت

بہاول پور پاکستان

چیف ایڈیٹر محمد طارق محمود 03006800549

ڈپٹی چیف ایڈیٹر عمران بھٹی 0309-4906938

ریزیڈنٹ ایڈیٹر: میاں سلیم بھٹی

مینجنگ ایڈیٹر: میمونہ طاہر

ایڈیٹر: چوہدری امجد بشیر

| جلد نمبر | | شمارہ نمبر |
|---|---|---|
| 23 | بروز منگل 1447ھ 6 جنوری 2026ء | 227 |




# باسط عزیز خان کی چشتیاں میں او سی آر پروگرام کے تحت شکایات کی سماعت،

## 12 لاکھ سے زائد کا ریلیف

بہاولپور (محمد امیر معاویہ سے) آج وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کے ریجنل ہیڈ جناب باسط عزیز خان نے واپڈا کمپلیکس چشتیاں میں او سی آر پروگرام (ProgramOCR) کے تحت شہریوں کی جانب سے وفاقی اداروں کے خلاف دائر شکایات کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران میپکو کے 90 سے زائد کیسز زیر غور آئے، جن میں زائد بلنگ، میٹرز کی خرابی اور دیگر انتظامی امور شامل تھے۔ سماعت کے نتیجے میں متاثرہ صارفین کو 12 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا گیا۔ اس موقع پر 3 بجلی کے میٹرز کی تبدیلی اور 2 خستہ بجلی کے پولز کی تبدیلی کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر ناقابلِ قبول ہے اور صارفین کو قانون کے مطابق فوری اور مؤثر انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی مسائل کے حل کیلئے فیلڈ میں جا کر عملی اقدامات کر رہا ہے تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف میسر آ سکے۔ سماعت کے اختتام پر سائلین نے وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی اور ریجنل ہیڈ جناب باسط عزیز خان کا عوام دوست اقدامات اور بروقت ریلیف فراہم کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED قلب پاکستان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار
Member JPNS

The Daily QAYADT Bahawalpur

روزنامہ قیادت
بہاول پور پاکستان

چیف ایڈیٹر محمد طارق محمود 03006800549
ڈپٹی چیف ایڈیٹر عمران بھٹی 0309-4906938
ریزیڈنٹ ایڈیٹر: میاں سلیم بھٹی
مینیجنگ ایڈیٹر: میمونہ طاہر
ایڈیٹر: چوہدری امجد بشیر

جلد نمبر 23 | بروز منگل 1447ھ 6 جنوری 2026ء | شمارہ نمبر 227

# وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کی 2025 میں شاندار کارکردگی *

## ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب سیکریٹریٹ بہاولپور باسط عزیز خان کی میڈیا نمائندگان سے گفتگو

بہاولپور (محمد امیر معاویہ سے) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس بہاولپور نے سال 2025 کے دوران سروس ڈیلیوری اور عوامی شکایات کے ازالے کے حوالے سے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق، سال 2025 میں 14,163 شکایات موصول ہوئیں جو 2024 کی 14,057 شکایات کے مقابلے میں 1 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ اسی طرح، سال 2025 میں 14,901 شکایات کا ازالہ کیا گیا جو کہ 2024 میں 14,142 نمٹائے گئے کیسز کے مقابلے میں 5 فیصد بہتری ظاہر کرتا ہے۔ مزید برآں، فیصلوں پر عملدرآمد کی شرح میں بھی قابل ذکر بہتری دیکھی گئی۔ 2024 میں 3,956 کیسز پر عملدرآمد کیا گیا جبکہ 2025 میں 4,586 کیسز پر مؤثر عملدرآمد کیا گیا۔ اس طرح 2024 میں 98.3 فیصد اور 2025 میں 99.1 فیصد عملدرآمد کی شاندار شرح حاصل کی گئی۔ یہ مثبت رجحان ریجنل آفس کی عوامی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کے لیے کی گئی کاوشوں کا مظہر ہے، جو انتظامی انصاف اور شفافیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ریجنل آفس بہاولپور کی یہ کارکردگی معزز وفاقی محتسب کی قیادت میں عوامی خدمات کی بہتری کے لیے کی جانے والی کوششوں کا ثبوت ہے

